
**May 1, 2023**

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی ممبئی کولکاتا لکھنؤ گورکھپور کانپور پٹنہ حیدرآباد اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW
شمارہ نمبر: 8537 10/شوال المکرم 1444ھ پیر «یعنی مکمل سچ» حب الوطنی

**PAGE-5**

# مدارس میں قانون اور آئین کی تعلیم بھی فراہم کی جائے: خالد رشید

## انٹیگرل یونیورسٹی میں نیشنل کانفرنس کے دوسرے دن ماہرین تعلیم کا اظہار خیال




**لکھنؤ(ایس این بی)** تعلیم ومعاش کے تعلق سے پسماندہ لوگوں کے سامنے بڑے چیلنجز ہیں جو دانشوریہ کہہ رہے ہیں کہ اقلیتوں اور دیگر پسماندہ لوگوں کو مزید اسکولوں کی ضرورت نہیں ہے وہ کسی حد تک غلط ہیں، ہمیں موجود اسکولوں کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مزید اسکولوں کالجوں اور یونیورسٹیوں کی ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف راجستھان کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر فرقان قمر نے کیا۔وہ انٹیگرل یونیورسٹی میں دوروزہ سمینار کے دوسرے دن خطاب کررہے تھے۔سمینار میں امام عیدگاہ لکھنؤ اور اسلامک سینٹر آف انڈیا کے چیئرمین مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے کہا کہ آزادی قبل، تحریک آزادی اور آزادی کے بعد سے آج تک مدارس کی قوم وملک کے لیے کی گئی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ملک میں سب سے پہلے باقاعدہ ملا نظام الدین محمد نے فرنگی محل میں دارالعلوم فرنگی قائم کیا نیز مدارس کا تعلیمی نصاب درس نظامی مرتب کیا جو آج بھی دنیا کے بیشتر ممالک میں بلاتفریق پڑھایا جارہا ہے۔اس میں علماء نے ضرورت کے اعتبار سے اضافہ بھی کیا۔مولانا نے کہا کہ دور حاضر میں مدارس میں قانون اور آئین کی تعلیم بھی ضروری فراہم کی جائے۔مدارس میں اسمارٹ کلاس قائم ہو، جس کے توسط سے طلبہ کو آرٹی فیشل انٹیلی جنس سمیت دیگر موضوعات پر تفصیلی معلومات فراہم کرائی جائے۔مدارس کے بنیاد مقصد دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عربی، انگریزی اور مقامی زبان میں بھی فارغین کو ماہر بنایا جائے۔جس طرح سے شاہین اکاڈمی نے مدرسہ پلس کا نظام قائم کیا ہے اس کو دیگر مدارس میں بھی اپنایا جائے۔سمینار کے دوسرے وآخر دن اس موقع پر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے کہا کہ دیگر چیزوں اور وسائل کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ بچے وہیں پڑھنے جانا چاہتے ہیں جہاں ٹیچر اچھے ہوتے ہیں لہٰذا معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے اچھے اساتذہ کی تقرری کے ساتھ ساتھ ان کی ٹریننگ بھی مسلسل ہونی چاہئے۔اس کے علاوہ سی ایم ایس کی مینجنگ ڈائرکٹر گیتا گاندھی کنگڈن، مولانا آزاد یونیورسٹی جودھ پور کے چیئرمین محمد عتیق اور انجمن اسلام مہاراشٹر کے صدر ڈاکٹر ظہیر اسحاق قاضی، شاہین اکاڈمی بدر کے ڈاکٹر عبدالقدیر، ڈاکٹر ریحان اختر وغیرہ نے بھی اظہار خیال کیا۔اس موقع پر سید ضمیر الدین شاہ پروفیسر سید وسیم اختر، عذرا وسیم، ڈاکٹر نجیب جنگ، ڈاکٹر ایس وائی قریشی۔ڈاکٹر کے رحمان، شاہد صدیقی ڈاکٹر پی اے انعام دار اور پروفیسر ابیتابھ کنڈو سمیت بڑی تعداد میں اہم شخصیات موجود رہیں۔

P-1,6

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)



**PAGE-4**

# تعلیمی انقلاب ہی فکری انقلاب کا ضامن

## بین الاقوامی مذہبی ہم آہنگی فاؤنڈیشن آف انڈیا کے سربراہ ڈاکٹر خواجہ افتخار کا 'اتحاد برائے تعلیم ومعاشی ترقی' کی تعلیمی کانفرنس سے خطاب، مدارس کو اپنے نصاب کا ازسرنو جائزہ لینے کا مشورہ

لکھنؤ (آئی این این) بین الاقوامی مذہبی ہم آہنگی فاؤنڈیشن آف انڈیا کے سربراہ ڈاکٹر خواجہ افتخار نے 'اتحاد برائے تعلیم ومعاشی ترقی' کے زیر اہتمام لکھنؤ کی انٹیگرل یونیورسٹی میں منعقد دوروزہ اہم تعلیمی کانفرنس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس کی ستائش کی۔ انہوں نے اس اہم تعلیمی کانفرنس کو منعقد کرنے کیلئے انٹیگرل یونیورسٹی اور اس کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر کو بھی سراہتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ انہوں نے روایتی اور عصری تعلیم کے مابین توازن قائم کرتے ہوئے بانی علیگڑھ سر سید احمد خان اور بانی ندوۃ العلماء مولانا شبلی نعمانی کی فکری انفرادیت و اجمال کو ایک خوبصورت امتزاج فراہم کیا۔

دینی مدارس کو قومی دھارے میں شامل کرنے کی تجویز پر ڈاکٹر خواجہ افتخار احمد نے اپنے موقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کو اپنے نصاب کا ازسرنو جائزہ لینے کی اشد ضرورت ہے تاریخ کے ان پہلوؤں کو اجاگر کرنا ہوگا جس سے طلبہ تحریک آزادی، تقسیم ہند، آزاد ہندوستان کی ترقی کا سفر، آئین ہند کی بنیادی معلومات، مشترکہ قومی وراثت اور بین المذاہب مکالمہ ومفاہمت جیسے موضوعات سے پوری طرح آگاہ ہوسکیں۔ اس کے ساتھ ہی عصری تعلیمی نظام کی طرف انھیں بڑھنے میں کسی رکاوٹ کا سامنا بھی نہ کرنا پڑے۔ مذاہب کا تقابلی مطالعہ اب ایک لازمی مضمون کی شکل میں متعارف کرنے کا بھی وقت آچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر دیگر مذاہب کے بچے مدارس میں اسلامی تعلیم لینا چاہتے ہیں تو اس کا نظم بھی قائم کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس نظم کو محض مدارس میں لاگو نہ کیا جائے بلکہ مدارس کے متوازن دیگر مذاہب میں اس طرح کا جو نظم قائم ہے اس عمل کو وہاں تک وسعت ملنی چاہئے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ نصاب کا ازسرنو جائزے کیلئے ملت کی وہ بنیادی شخصیات جو دینی مدارس کے موجودہ نظم پر بڑی حدتک اپنا اثر رسوخ رکھتی ہیں ان کو تمام مسالک کی شمولیت کو یقینی بناتے ہوئے ایک ایسے مرکزی مشاورتی نظم کی طرف اب بڑھ جانا چاہئے جس سے یہ عمل کسی بیرونی مداخلت کے وجود میں آجائے۔ اس کوشش کو بارآور بنانے کے لئے ماہرین تعلیم اوران اداروں کی خدمات بھی حاصل کی جائے جو زمین پر اثر انداز ہیں۔ ڈاکٹر خواجہ افتخار احمد نے مزید کہا کہ آج مسلمانان ہند کو اپنی فکری سمت کا ازسرنو جائزہ لینے کی سخت ضرورت ہے۔ تعلیم سے ہی فکری انقلاب برپا ہوتے ہیں۔ جنرل ضمیر الدین شاہ، ایس وائی قریشی، نجیب جنگ، شاہد صدیقی اور سعید شیروانی اس تحریک کے روح رواں ہیں اور اپنی ان کوششوں کے لیئے مبارکباد کے مستحق ہیں۔



ڈاکٹر خواجہ افتخار احمد

**May 1, 2023**

THE INQUILAB انقلاب
قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)

**PAGE-1**

# سماج کے ہر طبقہ تک معیاری تعلیم کو پہنچانا ہوگا: کے رحمٰن خان

**مساجد کو تعلیمی ترقی کیلئے استعمال کرنے کا مشورہ، ڈاکٹر سید ندیم اختر کا اساتذہ کی مسلسل ٹریننگ پر زور، مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے مدارس کے تعلق سے اہم مشورے دیئے، دوروزہ قومی کانفرنس اختتام پذیر، ضمیر الدین شاہ، پروفیسر سید وسیم اختر، نجیب جنگ، ایس وائی قریشی، شاہد صدیقی، ڈاکٹر پی اے انعامدار سمیت ممتاز علمی ادبی اور سماجی شخصیات کی شرکت**




قومی کانفرنس میں کے رحمٰن خان پروفیسر وسیم اختر کو ’ایجوکیشنل لیڈر شپ‘ ایوارڈ پیش کرتے ہوئے

لکھنؤ (محمد عامر ندوی) انٹیگرل یونیورسٹی لکھنؤ اور تنظیم ’اتحاد برائے تعلیم و معاشی ترقی‘ کے اشتراک سے ’پسماندہ طبقات کی تعلیم و ترقی‘ کے عنوان سے منعقد قومی کانفرنس اتوار کو اختتام پذیر ہوگئی۔ دوسرے دن متعدد سیشن میں ملک کی اہم شخصیات نے تعلیم کے مختلف شعبوں پر کام کرنے پر زور دیا۔ تعلیمی اداروں کی ترقی، انفارمیشن ٹکنالوجی، مین اسٹریم مدرسہ اور مسلم ایجوکیشن سمیت دیگر موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سبھی سیشن میں سید ضمیر الدین شاہ، پروفیسر سید وسیم اختر، عذرا وسیم، ڈاکٹر نجیب جنگ، ڈاکٹر ایس وائی قریشی، ڈاکٹر کے رحمان خان، شاہد صدیقی، ڈاکٹر پی اے انعامدار اور پروفیسر ابیتا بھ کنڈو سمیت علمی ادبی اور سماجی دنیا کی ممتاز شخصیات اور ملک کے مختلف علاقوں کے تعلیمی اداروں کے ذمہ داران، اساتذہ اور نمائندے موجود تھے۔

سابق مرکزی وزیر و پارلیمنٹ کے سابق نائب اسپیکر ڈاکٹر کے رحمان خان نے کہا کہ ہم تعلیم سے ہر طرح کی تبدیلی لا سکتے ہیں۔ سماج کے ہر طبقہ تک معیاری تعلیم کو پہنچانا ہوگا۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ مساجد کو بھی تعلیمی ترقی کے لئے استعمال کیا جائے، اگر ایسا ہوتا ہے تو ایک بڑی تعداد کو ہم مستفید کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں ڈاٹا پر کام کرنے کی ضرورت ہے، ہمارے پاس کوئی ڈاٹا موجود نہیں ہے کہ ہم تعلیمی، سماجی اور معاشی طور پر کتنے پسماندہ ہیں۔ اس کی اہمیت اس طرح بھی سمجھی جا سکتی ہے کہ اگر ہم ریزرویشن کا مطالبہ کرتے ہوئے عدالت کے پاس جاتے ہیں تو وہ سب سے پہلے ڈاٹا طلب کرے گا، اسی بنیاد پر ہی فیصلہ دے گا، جو فی الحال ہمارے پاس نہیں ہے۔ پدم شری پروفیسر مینش سنگھ چانسلر کے آر منگلم یونیورسٹی نے کہا کہ جب ہم تعلیم کی بات کرتے ہیں تو ضروری ہے کہ جدید تکنیک جیسے آرٹیفیشیل انٹیلیجنس، کوانٹم کمپیوٹنگ، زبانوں کے ساتھ کمپیوٹر زبانوں کی بھی بات کریں، کیونکہ آنے والے دنوں میں یہ تکنیک ہم پر چھا جائے گی۔ متعدد ممالک اس پر کام کر رہے ہیں، ہم بھی پہلے سے اس کے لئے تیاری کریں اور دیکھیں کہ تب کیا چیلنجز ہوں گے۔

(باقی قومی خبریں پر)

**May 1, 2023**


P-1,6

THE INQUILAB

انقلاب

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

**PAGE-4**


شروع کی تھی، منشا تھی کچھ الگ کرنے کی تھی۔ آج لاکھوں کی تعداد میں طلبہ تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے کہا کہ ہر ادارے کے قیام کا ایک مقصد ہوتا ہے، مدارس کا بھی ہے۔ مدارس ہمیشہ زمانہ کے اعتبار سے اپنے اندر تبدیلی لائے ہیں، لیکن اپنے مقصد کو فوت نہیں ہونے دیتے ہیں۔ ان کا مقصد ہے کہ بچے کو دینی تعلیم سے آراستہ کیا جائے اور تعلیم کے بعد وہ تحفظ شریعت کا حق ادا کرسکیں۔ مدارس کے قیام کے مقاصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے متعدد کام کئے جاسکتے ہیں۔ جیسے کہ عالمیت کی ڈگری کو انٹر تک منظور شدہ بنایا جائے۔ تکنیکی تعلیم کے لئے اسمارٹ کلاس شروع کئے جائیں۔ طلبہ کو عربی و انگریزی کی تعلیم پروفیشنل طریقہ سے دی جائے اور ان کے اندر بول چال کی صلاحیت پیدا کی جائے۔ مدارس کے طلبہ میں خود اعتمادی پیدا کرنے کے پروگرام چلائے جائیں۔ سب سے اہم یہ ہے کہ مدارس کے نصاب میں آئین ہند کو شامل کیا جائے۔ تعلیمی اداروں کے معیار وان کی ترقی کے سیشن میں ڈاکٹر فرقان نے کہا کہ تعلیم ومعاش کے تعلق سے پسماندہ لوگوں کے سامنے بڑے چیلنجز ہیں۔ جو دانشور یہ کہہ رہے ہیں کہ اقلیتوں اور دیگر پسماندہ لوگوں کو مزید اسکولوں کی ضرورت نہیں ہے وہ کسی حد تک غلط ہیں، ہمیں موجود اسکولوں کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مزید اسکولوں کالجوں اور یونیورسٹیوں کی ضرورت ہے۔ انٹیگرل یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر نے تعلیم کے معیار پر کہا کہ دیگر چیزوں اور وسائل کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ بچے وہیں پڑھنا چاہتے ہیں جہاں ٹیچر اچھے ہوتے ہیں لہٰذا معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے اچھے اساتذہ کی تقرری کے ساتھ ساتھ ان کی ٹریننگ بھی مسلسل ہونی چاہئے۔ انہوں نے مثالیں پیش کرتے ہوئے کوالٹی ایجوکیشن کی معنویت ومقصدیت کو واضح کیا۔ لکھنؤ کے سٹی مانٹیسری اسکول کی مینجنگ ڈائرکٹر ڈاکٹر گیتا گاندھی نے سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے معنی خیز نکات بیان کئے۔ ڈاکٹر ظہیر اسحاق اور محمد عتیق جودھپور نے بھی موضوع کی مناسبت سے نہایت معلوماتی گفتگو کی۔ ایک دیگر سیشن میں 'سگما' کمپنی، بنگلور کے بانی وسی ای او امین مدثر نے کہا کہ ہم قوم و تعلیمی اداروں کو صرف رقم ہی نہیں بلکہ وقت بھی دیں۔ رمضان میں ڈھائی فیصد زکوۃ تو دے دی کم سے کم ایک فیصد اپنا وقت دیں کیونکہ وقت پیسوں سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے۔ انہوں نے تعلیم کے لئے ہر ہر نکتہ، شعبہ ومحاذ کے لئے پیشگی مکمل منصوبہ بندی کئے جانے پر زور دیا۔ ساتھ ہی بک بینک کی بجائے لیپ ٹاپ بینک کے قیام کا مشورہ دیا۔ اجلاس کے آخر میں موجود لوگوں نے مقررین سے کچھ سوالات بھی کئے۔ کانفرنس میں آئی ڈو ایجوکیشنل لیڈر شپ ایوارڈ پروفیسر سید وسیم اختر، محمد عتیق سی ای او مولانا آزاد یونیورسٹی جودھپور، تنظیم انجمن اسلام کے ڈاکٹر ظہیر اسحٰق، زکوۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کے ڈاکٹر ظفر محمود، مامون اختر، حماد احمد کو دیا گیا۔


## سماج کے ہر طبقہ تک معیاری تعلیم کو پہنچانا ہوگا: کے رحمٰن خان

مین اسٹریم مدرسہ اور مسلم ایجوکیشن کے سیشن سے شاہین گروپ انسٹی ٹیوشن کے ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے کہا کہ علماء ودانشوران قوم کی ایک دیرینہ خواہش ہے کہ دینی وعصری تعلیم کا امتزاج کیا جائے، ہمارے نوجوان مکمل دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم میں بھی باصلاحیت ہوں۔ اسی سوچ کے ساتھ ہم نے صرف ۱۷ بچوں کے ساتھ شاہین اکیڈمی

**May 1, 2023**




**PAGE-9**






**May 2, 2023**





**PAGE-11**



May 3, 2023

- NEWS18 URDU
- LAST UPDATED : MAY 03, 2023, 09:28 IST
- LUCKNOW, INDIA

# شہرت یافتہ شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی رحلت پر انٹیگرل یونیورسٹی میں تعزیتی نشست




**معروف ماہر تعلیم اور قلمکارہ عذراوسیم صاحبہ کہتی ہیں کہ ہماری وہ خواتین جو شعری افکار کے ذریعے نسائی جذبات و احساسات کی خوبصورت ترجمانی کرتی ہیں انمیں ڈاکٹر نسیم نکہت کا نام بھی عزت سے لیاجاتا ہے۔**

طارق قمر

لکھنئو کی انٹیگرل یونیورسٹی میں بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری ، تحقیقی اور صحافتی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سوگوار موقع پر یونیورسٹی کے بانی و چانسلر جناب پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی بے وقت رحلت نے اچھی شاعری کا ذوق رکھنے والے ہزاروں لوگوں کو رنجیدہ کردیا ہے یہ صرف لکھنئو کا ہی نہیں بلکہ پوری اردو دنیا کا خسارہ ہے۔ پروفیسر وسیم اختر نے مزید کہا کہ مرحومہ ہمارے ادارے میں ہونے والے مشاعروں میں مسلسل شریک ہوتی تھیں اور ان کی شاعری کو سن نے اور پسند کرنے والوں

کا مخصوص حلقہ تھا۔

وسیم اختر صاحب کی اہلیہ معروف ماہر تعلیم عذرا وسیم صاحبہ کے مطابق ڈاکٹر نسیم نکہت کی آواز اور معیاری شاعری کے امتزاج سے مشاعروں میں ایک خوشگوار فضا پروان چڑھتی تھی اور اہم بات یہ بھی ہے کہ وہ اپنے شعری افکار و خیالات کے ساتھ ساتھ انداز پیش کش میں بھی ادبی و تہذیبی قدروں کا خیال رکھتی تھیں ، ان کی بے وقت رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ کبھی پُر نہیں ہوسکے گا ۔

ان چراغوں کی طرح آنکھیں مری بجھ جائیں گی ۔۔شب گزر جائے گی دروازہ کھلا رہ جائے گا ۔ ڈاکٹر نسیم نکہت ہندوستان کی خود شعر کہنے والی چند شاعرات میں سے ایک تھیں انہوں نے ترقی پسند تحریک کی نمائندگی کرنے والے شعراء ے ساتھ بھی مشاعرے پڑھے جدیدیت اور مابعد جدیدیت کا پیش منظر و پس منظر بھی دیکھا اور کبھی کبھی اپنے افکار کے ذریعے جدیدیت اور مابعد جدیدیت کی ترجمانی بھی کی وہ مشاعروں کی سنجیدہ اور کامیاب شاعرہ کے طور پر جانی جاتی تھیں لیکن ادبی تحقیق سے بھی بڑا سروکار رکھتی تھیں۔

یہ ادارہ اور تمام اراکین ان کے غم میں رنجیدہ ہیں اور ڈاکٹر نسیم نکہت صاحبہ کے اہل خانہ اور پسماندگان کو تعزیت پیش کرتے ہیں ۔۔ہم چلے جائیں

گے رونق کم نہیں ہوگی مگرزندگی کا ہر طرف میلا لگا رہ جائے گا۔

**May 3, 2023**

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW
شمارہ نمبر: 8539 12/شوال المکرم 1444ھ بدھ «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی

**PAGE-4**

# ’ڈاکٹر نسیم نکہت کی رحلت اردو دنیا کا خسارہ‘

**لکھنؤ (ایس این بی)** انٹیگرل یونیورسٹی میں بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری، تحقیقی اور صحافتی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انھیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی بے وقت رحلت نے اچھی شاعری کا ذوق رکھنے والے ہزاروں لوگوں کو رنجیدہ کردیا ہے۔ یہ صرف لکھنؤ کا ہی نہیں بلکہ پوری اردو دنیا کا خسارہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرحومہ ہمارے ادارے میں ہونے والے مشاعروں میں مسلسل شریک ہوتی تھیں اور ان کی شاعری کو سننے اور پسند کرنے والوں کا مخصوص حلقہ تھا۔ وسیم اختر کی اہلیہ ماہر تعلیم عذرا وسیم کے مطابق ڈاکٹر نسیم نکہت کی آواز اور معیاری شاعری کے امتزاج سے مشاعروں میں ایک خوشگوار فضا پروان چڑھتی تھی اور اہم بات یہ بھی ہے کہ وہ اپنے شعری افکار و خیالات کے ساتھ ساتھ انداز پیشکش میں بھی ادبی و تہذیبی قدروں کا خیال رکھتی تھیں۔ ان کی بے وقت رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ بھی پر نہیں ہوسکے گا۔ یہ ادارہ اور تمام اراکین ان کے غم میں رنجیدہ ہیں اور ڈاکٹر نسیم نکہت کے اہل خانہ و پسماندگان کو تعزیت پیش کرتے ہیں۔ ☆ امامیہ ایجوکیشنل ٹرسٹ کے جنرل سکریٹری مولانا علی حسین قمی نے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ اردو کی معروف شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کے انتقال پر شعری دنیا میں گہرے رنج و غم کا ماحول ہے۔ مولانا قمی نے ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری و ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مرحومہ اپنے وقت کی بڑی شاعرہ تھیں۔ ان کی وفات سے اردو شاعری ایک ایسی آواز اور انداز سے محروم ہوگئی جو پوری اردو دنیا میں محبت سے سنی جاتی تھی۔ وہ عالمی سطح پر ہندوستان کی نمائندہ شاعرہ تھیں۔ ڈاکٹر نسیم نکہت اردو ادب کا فخر تھیں اور شاعری کی دنیا و مشاعروں میں ان کا بڑا مقام تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مرحومہ کو گفتگو کا جو سلیقہ اور شعور عطا کیا تھا وہ کم لوگوں کے مقدر میں آتا ہے۔ ان کے ادبی کارناموں کو ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔ مرحومہ ہندوستان کے شعری ادب کا روشن ستارہ تھیں، ان کی وفات سے ہندوستان کی ادبی دنیا ایک اہم شخصیت سے محروم ہوگئی، ان کا خلا شاید کبھی پورا نہ ہوسکے۔ اللہ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

**May 3, 2023**


P-II

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

**PAGE-II**


# عالمی شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی موت اردو دنیا کا بڑا خسارہ

## انٹیگرل یونیورسٹی میں منعقد تعزیتی نشست سے مقررین کا خطاب

لکھنؤ (پریس ریلیز): انٹیگرل یونیورسٹی میں بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری، تحقیقی اور صحافتی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سوگوار موقع پر یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی رحلت نے اچھی شاعری کا ذوق رکھنے والے ہزاروں لوگوں کو رنجیدہ کر دیا ہے یہ صرف لکھنؤ کا ہی نہیں بلکہ پوری اردو دنیا کا خسارہ ہے۔ پروفیسر وسیم اختر نے مزید کہا کہ مرحومہ ہمارے ادارے میں ہونے والے مشاعروں میں مسلسل شریک ہوتی تھیں اور ان کی شاعری کو سننے اور پسند کرنے والوں کا مخصوص حلقہ تھا۔ وسیم اختر کی اہلیہ عذرا وسیم کے مطابق ڈاکٹر نسیم نکہت کی آواز اور معیاری شاعری کے امتزاج سے مشاعروں میں ایک خوشگوار فضا پروان چڑھتی تھی اور اہم بات یہ بھی ہے کہ وہ اپنے شعری افکار و خیالات کے ساتھ ساتھ انداز پیشکش میں بھی ادبی و تہذیبی قدروں کا خیال رکھتی تھیں۔ ان کی رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ کبھی پُر نہیں ہوسکے گا۔ یہ ادارہ اور تمام اراکین ان کے غم میں رنجیدہ ہیں اور ڈاکٹر نسیم نکہت کے اہل خانہ اور پسماندگان کو تعزیت پیش کرتے ہیں۔

### 'ڈاکٹر نسیم نکہت ہندوستان کی نمائندہ شاعرہ تھیں'

امامیہ ایجوکیشنل ٹرسٹ کے جنرل سکریٹری مولانا علی حسین قمی نے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ اردو کی معروف شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کے انتقال سے شعری دنیا میں گہرے رنج و غم کا ماحول ہے۔ مولانا قمی نے ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری و ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مرحومہ اپنے وقت کی بڑی شاعرہ تھیں۔ ان کی وفات سے اردو شاعری ایک ایسی آواز اور انداز سے محروم ہوگئی جو پوری اردو دنیا میں محبت سے سنی جاتی تھی۔ وہ عالمی سطح پر ہندوستان کی نمائندہ شاعرہ تھیں۔ ڈاکٹر نسیم نکہت اردو ادب کا فخر تھیں اور شاعری کی دنیا اور مشاعروں میں ان کا بڑا مقام تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مرحومہ کو گفتگو کا جو سلیقہ اور شعور عطا کیا تھا وہ کم لوگوں کے مقدر میں آتا ہے۔ ان کے ادبی کارناموں کو ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔ مرحومہ ہندوستان کے شعری ادب کا روشن ستارہ تھیں، ان کی وفات سے ہندوستان کی ادبی دنیا ایک اہم شخصیت سے محروم ہوگئی، ان کا خلا شاید کبھی پورا نہ ہوسکے۔ اللہ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔



ڈاکٹر نسیم نکہت (فائل فوٹو)

May 3, 2023

روزنامہ آگ
اخبار آپ کا
URDU DAILY AAG LUCKNOW

PAGE-9

# میں بچھڑ جاؤں گی اور وہ دیکھتا رہ جائے گا

## ڈاکٹر نسیم نکہت کی رحلت پر انٹیگرل یونیورسٹی میں تعزیتی نشست

لکھنؤ (پریس ریلیز) شہر کی انٹیگرل یونیورسٹی میں بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعرہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی شعری، تحقیقی اور صحافتی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سوگوار موقع پر یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ ڈاکٹر نسیم نکہت کی بے وقت رحلت نے اچھی شاعری کا ذوق رکھنے والے ہزاروں لوگوں کو رنجیدہ کر دیا ہے یہ صرف لکھنؤ کا ہی نہیں بلکہ پوری اردو دنیا کا خسارہ ہے، پروفیسر وسیم اختر نے مزید کہا کہ مرحومہ ہمارے ادارے میں ہونے والے مشاعروں میں مسلسل شریک ہوتی تھیں اور ان کی شاعری کو سننے اور پسند کرنے والوں کا مخصوص حلقہ تھا، محترم وسیم اختر کی اہلیہ معروف ماہر تعلیم محترمہ عذرا وسیم کے مطابق ڈاکٹر نسیم نکہت کی آواز اور معیاری شاعری کے امتزاج سے مشاعروں میں ایک خوشگوار فضا پروان چڑھتی تھی اور اہم بات یہ بھی ہے کہ وہ اپنے شعری افکار و خیالات کے ساتھ ساتھ انداز پیش کش میں بھی ادبی و تہذیبی قدروں کا خیال رکھتی تھیں، ان کی بے وقت رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ جلد پُر نہیں ہو سکے گا۔

ان چراغوں کی طرح آنکھیں مری بجھ جائیں گی
شب گزر جائے گی دروازہ کھلا رہ جائے گا

یہ ادارہ اور تمام اراکین ان کے غم میں رنجیدہ ہیں اور ڈاکٹر نسیم نکہت کے اہل خانہ اور پسماندگان کو تعزیت پیش کرتے ہیں۔

May 3, 2023

DAILY FROM: AHMEDABAD, CHANDIGARH, DELHI, JAIPUR, KOLKATA, LUCKNOW, MUMBAI, NAGPUR, PUNE, VADODARA

The Indian EXPRESS

PAGE-12

# UGC opens 'unified portal' for faculty recruitment in varsities

EXPRESS NEWS SERVICE
NEW DELHI, MAY 2

THE UNIVERSITY Grants Commission (UGC) on Tuesday launched a 'unified portal' for recruitment of faculty to central universities, where nearly 31 per cent of the sanctioned positions are vacant, according to the Union Government's recent submission in the Lok Sabha.

UGC chairperson M Jagadesh Kumar, who launched the portal curec.samarth.ac.in, said both applicants and universities will benefit from it as it will carry a consolidated list of job openings across all central universities and provide a simple interface to apply.

There are 46 central universities under the Union Ministry of Education. Kumar told The Indian Express that the portal will "help UGC hand-hold the universities to fast-track the recruitment process, as it will throw up real-time data on vacancies, applications under consideration, and also track whether the reservation policy is being followed or not".

Kumar stressed that the portal was not aimed at centralising faculty hiring for all central universities, which will "continue to have their autonomy in the recruitment process". Some faculty unions had expressed apprehension on this count after Kumar had first floated the idea of the portal in March 2022. However, the central universities have been directed to disband their existing recruitment portals.

"The central universities will continue to advertise the positions, collect online applications, shortlist the applicants, conduct the interviews and appoint the faculty members as they were doing earlier. All the above activities will be carried out through the admin dashboard for each university on this portal," said Kumar.

On the portal, applicants will find a consolidated list of openings across the central universities, personalised dashboards to help manage the application process. There will be filters such as location, designation, subject, experience and education level, which the applicants can tick to view the openings that suit them.

"For universities, the platform shall provide real-time tracking of applications, from initial application to screening," Kumar said.

May 3, 2023

THE HINDU
www.thehindu.com
INDIA'S NATIONAL NEWSPAPER SINCE 1878
Page -10

PAGE-10

# Central varsity faculty appointments to shift to CU-Chayan portal

**The Hindu Bureau**
NEW DELHI

The University Grants Commission (UGC) has launched CU-Chayan, a unified faculty recruitment portal for Central Universities.

UGC Chairman M. Jagadesh Kumar said the "user-friendly" portal would cater to the needs of all the stakeholders in the teachers' recruitment process.

"The UGC has developed this portal to create an enabling environment for both universities and the applicants, with universities driving all the stages of the recruitment independently, as is being done at present in the respective university," Professor Kumar said.

The portal will provide a common platform for listing of vacancies, advertisements and jobs across all Central Universities.

It will have features such as single applicant login for applying to any Central University, real-time tracking of application, personalised dashboard for each applicant, administration dashboard for each University or Department, and built-in email communication tool.

The applicant can also search for jobs using various filters like the name of the university, location, designation, category, subject, type of employment, experience and education level. Current recruitments for which advertisements have already been issued, however, will go on without using this portal, the UGC Chairman said. He added that the portal would not affect the autonomy of Central universities.

**May 3, 2023**

Hindustan Times
FIRST VOICE. LAST WORD.

**PAGE-4**

# Khelo India varsity games: Mascot, anthem, logo to be launched in Lko

**HT Correspondent**
letters@htlive.com

**LUCKNOW** : Chief secretary Durga Shankar Mishra announced that a launch ceremony of the upcoming Khelo India University Games will be organised on May 5 at Indira Gandhi Pratishthan, to release the mascot, logo and anthem of the competition, on Monday.

On the day, he held a meeting to discuss the Games to be held on May 25.

The Games will commence at the Babu Banarasi Das University cricket ground in Lucknow, and will end on June 3 at the Banaras Hindu University, Varanasi.

He took the example of the Global Investors' Summit and G20 Summit recently held in Lucknow and said that the organisation of the event should follow in those footsteps, stressing that the safety of female athletes should be well taken care of, as well as the cleanliness, and food and stay arrangements for the athletes travelling from across the country.

The tournaments are taking place across four cities of U.P. Twelve of these events will be organised at eight venues in Lucknow - judo, volleyball, badminton, table tennis, rugby, athletics and fencing being a few among them.

**May 3, 2023**

राष्ट्रीय सहारा
राष्ट्रीयता ■ कर्तव्य ■ समर्पण

**PAGE-13**

# देश के सभी शिक्षण संस्थानों के परिसर होंगे 'कार्बन न्यूट्रल' : जावड़ेकर

नई दिल्ली (भाषा)। देश के सभी शिक्षण संस्थानों के परिसर वर्ष 2030 तक 'कार्बन न्यूट्रल' होंगे जिससे वर्ष 2070 तक कार्बन उत्सर्जन के मामले में 'नेट जीरो' के लक्ष्य को हासिल करने में मदद मिलेगी। यह घोषणा पूर्व पर्यावरण मंत्री प्रकाश जावडेकर ने की। पर्यावरण के क्षेत्र में काम करने वाले गैरसरकारी संगठन (एनजीओ) टीईआरआरई फाउंडेशन द्वारा वर्ष 2030 तक सभी शिक्षण संस्थान परिसरों को 'कार्बन न्यूट्रल' बनाने की नई पहल 'यू/5 : विश्वविद्यालय परिसर में 'नेट जीरो' उत्सर्जन की शुरुआत करने के मौके पर जावडेकर ने कहा, इस पहल से विद्यार्थियों में पर्यावरण के प्रति 'जरूरी संवेदनशीलता' पैदा होगी जिनका भविष्य हमारी जलवायु परिवर्तन के खिलाफ जारी लड़ाई पर निर्भर करेगा। स्मार्ट कैम्पस क्लाउड नेटवर्क (एससीसीएन) से जुड़े 450 से अधिक विश्वविद्यालय और कॉलेज भी 'कार्बन न्यूट्रल' आंदोलन से जुड़े हुए हैं।



■ कहा, इस पहल से विद्यार्थियों में पर्यावरण के प्रति 'जरूरी संवेदनशीलता' पैदा होगी जिनका भविष्य हमारी जलवायु परिवर्तन के खिलाफ जारी लड़ाई पर निर्भर करेगा

पूर्व में मानव संसाधन मंत्रालय का प्रभार भी संभाल चुके जावडेकर ने कहा, शिक्षण संस्थानों को ऊर्जा और जल संरक्षण करने और ऊर्जा उत्पादन करने, और वृक्ष लगाने, कचरे को संपत्ति में तब्दील करने और परिसर में ई-वाहनों को प्रोत्साहित करने की जरूरत है। संयुक्त राष्ट्र के पूर्व अवर सचिव एरिक सोलहेम ने इस पहल की प्रशंसा की और कहा, वैश्विक पर्यावरण चुनौतियों से निपटने के लिए हमें जलवायु परिवर्तन को जनता का मुद्दा बनाना होगा। उन्होंने शिक्षकों और विद्यार्थियों को सलाह दी कि वे भारतीय परंपरा से प्रेरणा लें जो प्रकृति का सम्मान करती है।

May 3, 2023

PAGE-12

NBT नवभारत टाइम्स

# सेंट्रल यूनिवर्सिटीज़ में एक क्लिक से नौकरी का चांस

- पहले हर संस्थान की साइट पर जाकर करना पड़ता था अप्लाई
- curec.samarth.ac.in पर मिलेगी हर टीचिंग पोस्ट की जानकारी
- घर बैठे ही किया जा सकेगा ऑनलाइन आवेदन
- 3 मई से होने वाली भर्तियां इसी पोर्टल से होंगी

Bhupender.Sharma
@timesgroup.com

**नई दिल्ली:** देश भर की 46 सेंट्रल यूनिवर्सिटीज (केंद्रीय विश्वविद्यालयों) में निकलने वाली हर टीचिंग पोस्ट की जानकारी अब बस एक पोर्टल पर मिल जाएगी। इसी पोर्टल से ही ऑनलाइन आवेदन भी किया जा सकेगा। UGC ने इसके लिए यूनीफाइड रिक्रूटमेंट पोर्टल (एकीकृत भर्ती पोर्टल) जारी किया है। अब आवेदक को हर संस्थान की वेबसाइट पर जाकर विज्ञापन ढूंढने की जरूरत नहीं होगी। इस पोर्टल पर रजिस्ट्रेशन करने वाले को अब देश में हर सेंट्रल यूनिवर्सिटी के हर विभाग की टीचिंग पोस्ट की जानकारी एक क्लिक पर मिल जाएगी। योग्यता शर्तों को पूरा करने पर आसानी से घर बैठे ऑनलाइन आवेदन किया जा सकेगा।

**क्या है यह पोर्टल:** UGC के अध्यक्ष प्रो. एम. जगदीश कुमार ने मंगलवार को एकीकृत भर्ती पोर्टल curec.samarth.ac.in लॉन्च किया। उन्होंने कहा कि देश की 46 सेंट्रल यूनिवर्सिटीज में शिक्षक भर्ती प्रक्रिया को CU-चयन पोर्टल के जरिए ऑनलाइन बनाया गया है। अब 3 मई से जो भी भर्तियां निकाली जाएंगी, वे सभी इसी पोर्टल के जरिए जारी की जाएंगी। CU-चयन पोर्टल पर हर सेंट्रल यूनिवर्सिटी के हर विभाग की भर्ती, विज्ञापन समेत पूरी जानकारी कैंडिडेट को मिलेगी। यूनिवर्सिटी भी इसी पोर्टल के जरिए आने वाले आवेदनों में से शॉर्टलिस्ट करेंगे और इंटरव्यू के लिए कैंडिडेट को बुलाएंगे। भी सेंट्रल यूनिवर्सिटीज के लिए आवेदन करने के लिए अब सिंगल ऐप्लीकेंट लॉगइन मिल सकेगा। आवेदन की रियलटाइम ट्रैकिंग हो सकेगी। हर आवेदक के लिए व्यक्तिगत डैशबोर्ड और यूनिवर्सिटी के लिए एडमिन डैशबोर्ड होगा।

## इन भर्तियों के लिए पुराना सिस्टम ही

UGC का कहना है कि अभी जिन पोस्ट के लिए विज्ञापन जारी हो चुके हैं, उनमें भर्ती पुराने सिस्टम के मुताबिक होगी लेकिन अब जो भी नए विज्ञापन जारी होंगे, वे सभी भर्तियां इसी पोर्टल के जरिए होंगी। इस पोर्टल का उपयोग करते हुए केंद्रीय विश्वविद्यालय पदों का विज्ञापन करेंगे। ऑनलाइन आवेदन एकत्र कर आवेदकों को शॉर्टलिस्ट करेंगे। उसके बाद इंटरव्यू के लिए आवेदकों को बुलाएंगे।



## NBT नज़रिया

सीयूईटी की तरह यूनीफाइड रिक्रूटमेंट पोर्टल भी यूजीसी की अच्छी पहल है। इससे शिक्षकों की भर्ती में लगने वाला समय बचेगा और पारदर्शिता आएगी। यानी विश्वविद्यालयों और आवेदकों दोनों को फायदा होगा। लेकिन यूजीसी को इतना जरूर सुनिश्चित करना होगा कि यह पहल साइबर ठगों के लिए लोगों को फंसाने का नया हथियार न बन जाए। इसके लिए पोर्टल पर सभी जरूरी उपाय किए जाएं।

**May 4, 2023**


दैनिक जागरण
Published from LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi
PAGE-9
inext


INTEGRAL UNIVERSITY
LUCKNOW - INDIA
25 YEARS
IU INSPIRING EXCELLENCE
Faculty of Health & Medical Sciences
Smart Choice for Education, Career & Life.
Certificate, Diploma, Bachelor, Master & Ph.D. Programs
1. INTEGRAL INSTITUTE OF MEDICAL SCIENCES & RESEARCH
2. INTEGRAL INSTITUTE OF ALLIED HEALTH SCIENCES & RESEARCH
• Department of Physiotherapy
• Department of Paramedical Sciences
• Department of Basic Medical Sciences
3. INTEGRAL INSTITUTE OF NURSING SCIENCES & RESEARCH
APPLY FOR
IUET - 2023
Integral University Entrance Test
SCAN TO APPLY
admission.iul.ac.in
Admissions Open for 2023-24
+91-93351 77775
admission@iul.ac.in | www.iul.ac.in
www.iul.ac.in

May 5, 2023





**PAGE-11**



**May 6, 2023**




**PAGE-9**





# CENTRAL LIBRARY NEWS CLIPPING SERVICE I.U, LUCKNOW

May 7, 2023




**PAGE-7**



# CENTRAL LIBRARY NEWS CLIPPING SERVICE I.U, LUCKNOW

**May 8, 2023**

दैनिक जागरण

inext

**PAGE-11**






# CENTRAL LIBRARY NEWS CLIPPING SERVICE I.U, LUCKNOW

**May 9, 2023**




**PAGE-11**




**May 10, 2023**

दैनिक जागरण

LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi

**PAGE-11**



May 11, 2023

दैनिक जागरण

Published from LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi

inext

सेंसेक्स 61,940.2

**PAGE-11**



**May 12, 2023**

दैनिक जागरण

Published from LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi

**PAGE-9**



**May 13, 2023**

दैनिक जागरण

**PAGE-7**

inext




# CENTRAL LIBRARY NEWS CLIPPING SERVICE I.U, LUCKNOW

May 14, 2023




PAGE-9



**May 15, 2023**

दैनिक जागरण

**PAGE-7**






**May 16, 2023**




**PAGE-9**



**May 17, 2023**


दैनिक जागरण

Published from LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi

inext

'We struggle

सेंसेक्स 61,932



**PAGE-9**



May 18, 2023

# اترپردیش: ظفریاب جیلانی کا انتقال ملک و قوم کا ناقابلِ تلافی نقصان : پروفیسر سید وسیم اختر

NEWS18 URDU




**Uttar Pradesh News: ظفریاب جیلانی کے انتقال پراظہارِ افسوس کرتے ہوئے معروف ماہر تعلیم ، انٹیگرل یونیورسٹی کے بانی وچانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے کہا کہ ظفریاب جیلانی کی زندگی ایک روشن عہد وجہد سے عبارت تھی ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکے گا ۔**

طارق قمر

**لکھنو:** آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے سکریٹری آور بابری مسجد ایکشن کمیٹی کے کنوینر رہے معروف وکیل ظفریاب جیلانی کا آج لکھنئو کے نشاط ہاسپٹل میں طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا ۔ ظفریاب جیلانی کے انتقال کی خبر سے لکھنئو اور قرب وجوار کی فضا تو سوگوار ہو ہی گئی ساتھ ہی ملک کے مختلف علاقوں میں بھی اس رنج و غم کی کیفیت کو محسوس کیا گیا ۔ ان کے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں ان کے بھائی معروف صحافی مسعود جیلانی کی اطلاع کے مطابق ظفریاب جیلانی کے جسدِ خاکی کو عیش باغ واقع قبرستان میں سپردِ لحد کیا جائے گا ۔

واضح رہے کہ تقریباً دوسال قبل اسلامیہ کالج میں واقع اپنے دفتر کی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ظفریاب جیلانی گر پڑے تھے، جس سے انہیں برین ہیمرج ہوگیا تھا، میدانتا سے لے کر نشاط ہاسپٹل تک کئی جگہ ان کا اہم ڈاکٹروں کی نگرانی میں علاج ہوا لیکن وہ مکمل طور پر صحتیاب نہیں ہو سکے اور

بالآخر 17 مئی 2023 کو دوپہر سے قبل انہوں نے اپنی آخری سانس لیتے ہوئے داعی اجل کا لبیک کہدیا ۔

بات خواہ پرسنل لا بورڈ کے حوالے سے کی جائے، بابری مسجد ایکشن کمیٹی کے تعلق سے، انجمن اصلاح المسلمین کی خدمات کے پس منظر میں یہ دیگر متعدد اداروں تنظیموں یا انجمنوں سے انکے الحاق و وابستگی کے حوالے سے ، مجموعی طور ظفریاب جیلانی کی زندگی ایک مسلسل جہد سے عبارت تھی انہوں نے بابری مسجد ایکشن کمیٹی کے کنوینر کی حیثیت سے بابری مسجد انہدام مقدمے کی پیروی میں نمایاں اور بنیادی کردار ادا کیا ۔ مسلم پرسنل لا بورڈ کے رکن و سکریٹری کی حیثیت سے شریعت کے تحفظ کے باب میں اہم خدمات انجام دیں ۔ آل انڈیا ملی و دینی کاؤنسل میں رہتے ہوئے اہم کام کیے ،اسلامیہ کالج، ممتاز کالج ، ممتاز دار الیتامہ، مسلم مسافر خانہ اور دیگر کئی محاذو پر وہ تمام زندگی ملت و سماج کی بھلائی فلاح و بہبود اور تحفظ کے لیے کام کرتے رہے ۔ بابری مسجد ایکشن کمیٹی کے کنوینر کی حیثیت سے ان کی شناخت پوری دنیا میں قائم ہوگئی تھی اور ان کا شمار سماج کے مفتخر و اہم لوگوں میں کیا جانے لگا تھا ۔

ظفریاب جیلانی کے انتقال کی خبر سنتے ہی تعزیتی پیغامات کی ترسیل کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا ۔ لکھنؤ واقع انٹیگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر پروفیسر سید وسیم اختر نے ظفر یاب جیلانی کے انتقال کو ملک و قوم کا بڑا خسارہ بتاتے ہوئے کہا کہ ظفریاب جیلانی کی ملی سماجی اور تعلیمی خدمات کوکبھی فراموش نہیں کیا جاسکے گا ، وہ ایک باشعور اور بیدار ذہن مرد مجاہد تھے۔ پروفیسر وسیم اختر نے مزید کہا کہ ظفر یاب جیلانی کا انتقال ، پورے معاشرے پورے سماج کا نقصان تو ہے ہی ساتھ ہی ہمارا اور انٹیگرل پریوار کا ذاتی نقصان بھی ہے میں دعا گو ہوں کہ خدا ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے ۔

اس موقع پر معروف عالم دین مولانا خالد رشید فرنگی محلی، معروف معالج ڈاکٹر کوثر عثمان ، اور سید وزین احمد سمیت مختلف شعبہ ہائے حیات کے اہم لوگوں نے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ ساتھ ہی سیاسی و سماجی دنیا کی اہم شخصیات نے بھی ظفر یاب جیلانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی رحلت کو کسی ایک مذہب یا سماج کا نہیں بلکہ پوری ریاست اور ملک کا نقصان قرار دیا ۔

ایک سورج تھا کہ تاروں کے گھرانے سے اٹھا

آنکھ حیران ہے کیا شخص زمانے سے اٹھا

**May 18, 2023**

दैनिक जागरण

Published from LUCKNOW • Agra • Bareilly • Dehradun • Gorakhpur • Jamshedpur • Kanpur • Meerut • Patna • Prayagraj • Ranchi • Varanasi

inext

**PAGE-9**



May 19, 2023

# طلبا وطالبات کی مکمل کامیابی میں صرف معیاری تعلیم ہی نہیں بلکہ سنجیدہ تربیت کا بھی اہم کردار: عذرا وسیم

NEWS18 URDU




**Uttar Pradesh News: معروف ماہر تعلیم اور سماجی کارکن عذرا وسیم کے مطابق طلبا وطالبات کی مکمل کامیابی اور شخصیت کی تعمیر و تشکیل میں صرف معیاری تعلیم ہی نہیں بلکہ باوقار ور سنجیدہ تربیت بھی اہم کردار ادا کرتی ہے ۔**

طارق قمر

خواب وہ کب ہیں کہ جو نیند میں دیکھے جائیں

خواب تو وہ ہیں جو سونے ہی نہیں دیتے ہیں

زندگی سماج اور ملک کی ترقی کے خواب بند آنکھوں سے نہیں بلکہ کھلی آنکھوں سے دیکھے جاتے ہیں ۔ یہ خواب رات میں نہیں بلکہ دن میں دیکھے جاتے ہیں ،بڑے منصوبوں کی تکمیل کے لئے بڑے خواب دیکھنا لازمی ہے ، پہلے خواب دیکھئے اور پھر انہیں شرمندہ ء تعبیر کرنے کے لئے ایسی کوششیں کیجئے کہ خدا اور قسمت آپ پر مہر بان ہوجائے ۔ ان خیالات کا اظہار آج انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کی جانب سے منعقد کی گئی تقریب میں پروفیسر سید وسیم اختر نے کیا ۔

واضح رہے کہ گزشتہ برس کی طرح اس سال بھی انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کے ہائی اسکول اور انٹر میڈیٹ کے نتائج سو فیصد رہے ہیں ۔ اس کامیابی اور خوشی کے اظہار کے پیش نظر بچوں کی

**NEWS18 URDU**

حوصلہ افزائی کے لئے یہ تقریب منعقد کی گئی تھی ۔ اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہونے والی معروف ماہر تعلیم و سماجی کارکن عذراوسیم نے بچوں اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے معنی خیز درس بھی دیا اور اخلاقیات پر مبنی بہترین مشورے بھی دئے ۔ عذرا وسیم نے والدین اور اساتذہ کی عزت و احترام کرنے اور ان کی دعائیں لینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ

سرخ رو ہوتا ہے انساں ٹھوکریں کھانے کے بعد

رنگ لاتی ہے حنا پتھّر پہ پس جانے کے بعد

عذرا وسیم نے اپنے مخصوص اور دانشورانہ انداز میں یہ بھی کہا کہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد تکبر نہیں پیدا ہونا چاہئے، بلکہ انسان کو مزید بہتری کے لیے مسلسل کوششیں کرتے رہنا چاہئے ۔ شخصیت کی تعمیر صرف تعلیم سے نہیں بلکہ تعلیم و تربیت دونوں سے ہوتی ہے ۔

دیکھا نہ کوہ کن کوئی فرہاد کے بغیر

آتا نہیں ہے فن کوئی استاد کے بغیر

عذرا وسیم کی روشن اور بصیرت افروز تقریر سے ہال میں موجود بچے ، والدین اور دیگر اہم لوگ بہت متاثر ہوئے ۔

اس موقع پر انٹیگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر اور میڈم چانسلر کے علاوہ یونیورسٹی کے پروچانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، سید فوزان اختر اور پروفیسر حارث صدیقی کے بدست بھی کامیاب ہونے والے طلبا و طالبات کے اسناد اور میڈل پیش کئے گئے ۔ اس موقع پر انٹرنیشنل اسکول کے پرنسپل راشد خان نے کہا کہ ہر چند ہمارے اسکول کو رزلٹ سو فیصد رہا ہے لیکن ابھی ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں ، ہمیں ضلع اور ریاستی سطح پر ممتاز شناخت اور اولیت حاصل کرکے ہی کچھ سکون و اطمینان ملے گا ۔
انہوں نے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ سید وسیم اختر نے اسکول کے ماحول و معیار کو بہتر بنانے اور تعلیمی وقار کو بلند کرنے کے لئے ہر طرح کی سہولیات فراہم کی ہیں اور مستقبل میں بھی مزید بہتر

مراعات دئے جانے کا یقین دلایا ہے لہٰذا اب ہمارے پورے عملے اور اسٹاف کی یہ ذمہ داری ہوجاتی ہے کہ ہم انٹرنیشنل اسکول کو اس ضلع، ریاست اور ملک کا اہم ادارہ بنانے کے لئے سنجیدہ اور نتیجہ خیز کوششیں کریں۔ کلامِ الٰہی اور یونیورسٹی ترانے سے شروع ہوئے اس پروگرام کا اختتام قومی ترانے جن گن من کے ساتھ ہوا ۔


روزنامہ آگ — اخبار آپ کا
URDU DAILY AAG LUCKNOW

P-9

**PAGE-9**


# انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کی جانب سے اعزازی تقریب کا انعقاد

لکھنؤ (پریس ریلیز) زندگی سماج اور ملک کی ترقی کے خواب بند آنکھوں سے نہیں بلکہ کھلی آنکھوں سے دیکھے جاتے ہیں۔ یہ خواب رات میں نہیں بلکہ دن میں دیکھے جاتے ہیں، بڑے منصوبوں کی تکمیل کے لئے بڑے خواب دیکھنا لازمی ہے، پہلے خواب دیکھئے اور پھر انہیں شرمندہ ٔ تعبیر کرنے کے لئے ایسی کوششیں کیجئے کہ خدا اور قسمت آپ پر مہربان ہوجائے، ان خیالات کا اظہار آج انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کی جانب سے منعقد کی گئی تقریب میں پروفیسر سید وسیم اختر نے کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس کی طرح اس سال بھی انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کے ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے نتائج سو فیصد رہے ہیں۔ اس کامیابی اور خوشی کے اظہار کے پیش نظر بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے یہ تقریب منعقد کی گئی تھی۔ اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہونے والی معروف ماہر تعلیم و سماجی کارکن محترمہ عذرا وسیم نے بچوں اور ان کے والدین کو



مبارکباد پیش کرتے ہوئے معنی خیز درس بھی دیا اور اخلاقیات پر مبنی بہترین مشورے بھی دئے، محترمہ عذرا وسیم نے والدین اور اساتذہ کی عزت و احترام کرنے اور ان کی دعائیں لینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ۔

سرخ رو ہوتا ہے انساں ٹھوکریں کھانے کے بعد
رنگ لاتی ہے حنا پتھر پہ پس جانے کے بعد

محترمہ عذرا وسیم نے اپنے مخصوص اور دانشورانہ انداز میں یہ بھی کہا کہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد تکبر نہیں پیدا ہونا چاہیے بلکہ انسان کو مزید بہتری کے لیے مسلسل کوششیں کرتے رہنا چاہیے شخصیت کی تعمیر صرف تعلیم سے نہیں بلکہ تعلیم و تربیت دونوں سے ہوتی ہے،

دیکھا نہ کوہ کن کوئی فرہاد کے بغیر،
آتا نہیں ہے فن کوئی استاد کے بغیر

محترمہ عذرا وسیم صاحبہ کی روشن اور بصیرت افروز تقریر سے ہال میں موجود بچے، والدین اور دیگر اہم لوگ بہت متاثر ہوئے۔ اس موقع پر انٹیگرل یونیورسٹی کے بانی و چانسلر اور میڈم چانسلر کے علاوہ یونیورسٹی کے پرو چانسلر ڈاکٹر سید ندیم اختر، جناب سید فوزان اختر اور پروفیسر حارث صدیقی کے بدست بھی کامیاب ہونے والے طلبا و طالبات کے اسناد اور میڈل پیش کئے گیے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل اسکول کے پرنسپل راشد خان نے کہا کہ ہر چند ہمارے اسکول کو رزلٹ سو فیصد رہا ہے لیکن ابھی ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں، ہمیں ضلعے اور ریاستی سطح پر ممتاز شناخت اور اولیت حاصل کر کے ہی کچھ سکون و اطمینان ملے گا، انہوں نے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ محترم سید وسیم اختر صاحب نے اسکول کے ماحول و معیار کو بہتر بنانے اور تعلیمی وقار کو بلند کرنے کے لیے ہر طرح کی سہولیات فراہم کی ہیں اور مستقبل میں بھی مزید بہتر مراعات دئے جانے کا یقین دلایا ہے لہٰذا اب ہمارے پورے عملے اور اسٹاف کی یہ ذمہداری ہوجاتی ہے کہ ہم انٹرنیشنل اسکول کو اس ضلعے، ریاست اور ملک کا اہم ادارہ بنانے کے لئے سنجیدہ و نتیجہ خیز کوششیں کریں کلام الٰہی اور یونیورسٹی ترانے سے شروع ہوئے اس پروگرام کا اختتام قومی ترانے۔ جن گن من کے ساتھ ہوا۔

P-2

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

**PAGE-2**


# بڑے منصوبوں کی تکمیل کیلئے بڑے خواب دیکھنا لازمی: پروفیسر سید وسیم اختر

## انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کی جانب سے طلبہ وطالبات کی صد فیصد کامیابی پر اعزازی تقریب کا انعقاد

لکھنؤ (پریس ریلیز): سماج اور ملک کی ترقی کے خواب بند آنکھوں سے نہیں بلکہ کھلی آنکھوں سے دیکھے جاتے ہیں۔ بڑے منصوبوں کی تکمیل کے لئے بڑے خواب دیکھنا لازمی ہے۔ ان خیالات کا اظہار آج انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کی جانب سے منعقد طلبہ وطالبات کی اعزازی تقریب میں پروفیسر سید وسیم اختر نے کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس کی طرح اس سال بھی انٹیگرل انٹرنیشنل اسکول کے ہائی اسکول اور انٹر میڈیٹ کے نتائج سو فیصد رہے۔ اس کامیابی اور خوشی کے اظہار کے پیش نظر بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے یہ تقریب منعقد کی گئی تھی۔ اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہونے والی معروف ماہر تعلیم وسماجی کارکن عذرا وسیم نے بچوں اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد تکبر نہیں پیدا ہونا چاہیے بلکہ انسان کو مزید بہتری کے لیے مسلسل کوششیں کرتے رہنا چاہیے۔ شخصیت کی تعمیر صرف تعلیم سے نہیں بلکہ تعلیم وتربیت دونوں سے ہوتی ہے۔

